پریس ریلیز

گوجرانوالہ 11 جنوری 2024ء

گوجرانوالہ چیمبر آف کامرس کے صدر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے وفد کے ہمراہ FPCCI کے نومنتخب نائب صدر مومن ملک کیطرف سے پرتکلف عشائیے میں شرکت کی۔اس موقع پر نومنتخب صدر FPCCI شیخ عاطف اکرام، صوبائی وزیر برائے صنعت وتجارت ایس ایم تنویر، چیئرمین پاکستان پیپلز پارٹی بلاول زرداری بھٹو، صدر لاہور چیمبر آف کامرس کاشف انور، سابق نائب صدور FPCCI ملک منظور الحق، عامر عطاء باجوہ، سابق سینئر نائب صدر گوجرانوالہ چیمبر عرفان سہیل، رکن چیمبر علی ہمایوں بٹ کے علاوہ پاکستان بھر کے معروف صنعتکاروتاجروں کی کثیر تعداد بھی موجود تھی۔

اس موقع پر صدر گوجرانوالہ چیمبر ضیاء الحق (شیخ فیصل ایوب) نے نومنتخب صدر FPCCI شیخ عاطف اکرام سے ملکی اکنانومی پر تبادلہ خیال کرتے ہوئے کہا کہ اس وقت ملکی معیشت کو بے شمار چیلنجز کا سامنا ہے۔فیڈریشن کی سطح پر پائیدار معاشی استحکام کو یقینی بنانے کیلئے حکومت کے ساتھ مل کر کام کرنے کی ضرورت ہے، بزنس دوست معاشی پالیسیوں ترتیب دیکر ملک میں کاروبار کو فروغ دیا جائے۔ملک میں سرمایہ کاری کے رجحان کو بڑھایا جانے ناگزیر ہے اس کیلئے مثبت اور ٹھوس حکمت عملی کی ضرورت ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان کی تمام بزنس کمیونٹی فیڈریشن کیطرف دیکھ رہی ہے ملکی کاروباری حالات کے پیش نظر فیڈریشن آف پاکستان چیمبرز آف کامرس پر بھاری ذمہ داری عائد ہورہی ہے کہ وہ ملک میں کاروباری حالات کو سازگار بنانے میں کلیدی کردار ادا کرے۔اس وقت فیڈریشن کی تمام انتظامیہ بھرپور مینڈیٹ کے ساتھ براجمان ہے امید کرتے ہیں کہ نومنتخب صدر فیڈریشن بزنس کمیونٹی کی امیدوں پر پورا اتریں گے۔